# خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
## دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی

No.F/02/07/2020/S.I/150 Dated:08/05/2020

## حکم نامہ

چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (ڈی ڈی ایم اے) اس امر کا اطمینان کر چکی ہے کہ خطہ قومی راجدھانی دہلی میں کووڈ-19 کی وبا پھیلنے کا اندیشہ ہے، جسے عالمی تنظیم صحت پہلے ہی عالمی وبا قرار دے چکی ہے، اور اسے خطہ قومی راجدھانی دہلی میں پھیلنے سے روکنے کے لیے مؤثر اقدامات لینا ضروری سمجھتی ہے؛

نیز چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے صورت حال سے مناسب طور پر نپٹنے کی غرض سے تمام ضروری اقدامات لینے کے لیے متعلقہ اتھارٹیز کو وقتاً فوقتاً مختلف احکامات / ہدایات جاری کی ہیں؛

نیز چونکہ، وزارت داخلہ، بھارت سرکار کے حکم نامہ نمبر 40-3/2020-DM-I(A) مؤرخہ 01.05.2020 اور اس کے ساتھ شامل نئی رہنماہدایات کی تعمیل میں، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے 17.05.2020 کی نصف شب تک لاک ڈاؤن کی توسیع کے تعلق سے حکم نامہ نمبر 130 مؤرخہ 03.05.2020 جاری کیا ہے جس میں، دیگر امور کے ساتھ، مذکورہ کووڈ-19 کو پھیلنے سے روکنے کے اقدامات پر نئی رہنماہدایات بھی شامل کی گئی ہیں؛

نیز چونکہ، مذکورہ حکم نامے کے ساتھ ملحقہ وزارت داخلہ کی نئی رہنماہدایات کے فقرہ 13 میں اس امر کی اچھی طرح وضاحت کی گئی تھی کہ **لاک ڈاؤن کے اقدامات پر رہنماہدایات کے تحت جن سرگرمیوں کو 3/مئی، 2020 تک چلنے کی پہلے ہی اجازت دی جاچکی ہے ان کے لیے کسی علاحدہ/نئی اجازتوں کی ضرورت نہیں ہے۔**

نیز چونکہ، مندرجہ بالا رہنماہدایات کے فقرہ 15(i) میں اس امر کی ہدایت بھی دی گئی تھی کہ ان رہنماہدایات کے Annexure-I میں کی گئی صراحت کے مطابق، **تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ لاک ڈاؤن کے اقدامات اور کووڈ-19 کے انتظام کے لیے قومی ہدایات کو سختی سے نافذ کریں گے؛**

نیز چونکہ، حکومت کے علم میں یہ بات لائی گئی ہے کہ مذکورہ بالا رہنماہدایات/حکم ناموں کے نفس مضمون کے خلاف، **مختلف گورنمنٹ اتھارٹیز نیز ریزیڈنٹ ویلفیر ایسوسی ایشنز، وغیرہ خود اپنی مرضی سے، ان بہت سی سرگرمیوں کی اجازت نہیں دے رہی ہیں جن کی DDMA کے حکم نامے مؤرخہ 03.05.2020** اور وزارت داخلہ کی منسلکہ ہٰذا نظر ثانی شدہ رہنماہدایات میں اجازت دی گئی ہے؛

لہٰذا اب، ڈزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ، 2005 کی دفعہ 22 کے تحت تفویض کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے، ذیل میں دستخط کنندہ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کی اسٹیٹ ایگزیکٹو کمیٹی، ڈی ڈی ایم اے کے چیئرپرسن کی حیثیت سے بذریعہٗ ہٰذا خطہ قومی راجدھانی دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں اور ان کے ہم منصب پولیس کے ڈسٹرکٹ ڈپٹی کمشنروں کو اجازت یافتہ معاشی سرگرمیوں کو شروع کرنے میں سہولت کاری کے لیے خطہ قومی راجدھانی دہلی میں (منسلکہٗ ہٰذا) اجازت یافتہ اور ممنوعہ سرگرمیوں کا اعادہ اور وضاحت کرتا ہے۔

دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ اور ان کے ہم منصب پولیس کے ڈسٹرکٹ ڈپٹی کمشنر اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ اس حکم نامے کی، لفظاً و معناً، سخت تعمیل کی غرض سے فیلڈ میں کام کرنے والے تمام کارکنوں کو ان ہدایات سے مناسب طریقے پر مطلع اور آگاہ کیا جائے۔

دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹوں کو مزید ہدایت دی جاتی ہے کہ وہ اپنے دائرۂ اختیار میں ڈزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ، 2005 کے تحت مماثل ہدایات جاری کریں تاکہ فیلڈ میں تعینات تمام کارکنوں کے ذریعے ان پر لفظاً و معناً عمل درآمد کیا جائے۔

(وجے دیو)
چیف سیکرٹری، دہلی

بخدمت:
1. دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
2. پولیس کے تمام ڈسٹرکٹ ڈپٹی کمشنر

نقل برائے اطلاع بخدمت:
1. عزت مآب لیفٹننٹ گورنر، دہلی کے پرائیویٹ سیکرٹری
2. عزت مآب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے اڈیشنل سیکرٹری
3. عزت مآب نائب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
4. عزت مآب وزیر ریوینیو، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
5. عزت مآب وزیر صحت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
6. عزت مآب وزیر محنت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
7. عزت مآب وزیر سماجی بہبود، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
8. عزت مآب وزیر خوراک و رسد، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
9. ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ہوم)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
10. کمشنر آف پولیس، دہلی
11. پرنسپل سیکرٹری (ریوینیو) نیز ڈویژنل کمشنر، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
12. سسٹم انالسٹ، دفتر ڈویژنل کمشنر، دہلی، اس حکم نامے کی ویب سائٹ ddma.delhigovt.nic.in پر اشاعت کے لیے۔
13. گارڈ فائل

**ANNEXURE**

1۔ **پورے خطہ قومی راجدھانی دہلی میں مندرجہ ذیل سرگرمیاں بدستور ممنوع رہیں گی:**

(i) تمام اسکول، کالج، تعلیمی/تربیتی/کوچنگ کے ادارے وغیرہ۔ تاہم، آن لائن/فاصلاتی تعلیم کی اجازت ہوگی۔

(ii) ہوٹلوں کی خدمات سوائے ان کے جنھیں صحت، پولیس، سرکاری عملے/صحت کی دیکھ بھال کے کارکنوں، سیاحوں سمیت پھنسے ہوئے افراد کو ٹھہرانے کے لیے اور جنھیں قرنطینہ کی سہولیات کے لیے استعمال کیا جارہا ہو۔

(iii) تمام سینماہال، شاپنگ مالس، جمنازیم، اسپورٹس کمپلکس، سوئمنگ پول، تفریحی پارک، تھئیٹر، شراب خانے اور آڈیٹوریم، اسمبلی ہال اور ان کے مماثل مقامات۔

(iv) تمام سماجی/سیاسی/کھیلوں سے متعلق/تفریحی/تعلیمی/ثقافتی/مذہبی تقریبات/دیگر اجتماعات۔

(v) تمام مذہبی مقامات/عبادت گاہیں پبلک کے لیے بند رہیں گی۔ مذہبی اجتماعات سختی سے ممنوع ہیں۔

(vi) سائیکل رکشا اور آٹو رکشا

(vii) ٹیکسیاں اور کیب اگری گیٹر

(viii) نائیوں کی دکانیں، اسپا اور سیلون۔

DDMA کے حکم نامے مؤرخہ 03.05.2020 کے ذریعے مشتہر کیے گئے حکم نامے مؤرخہ 01.05.2020 کے ساتھ ملحقہ وزارت داخلہ کی نئی رہنماہدایات کے فقرہ 4 میں مذکورہ تمام سرگرمیاں۔

2۔ **افراد کی بھلائی اور حفاظت کے لیے اقدامات**

(i) تمام غیر لازمی سرگرمیوں کے لیے، شام سات بجے سے صبح سات بجے تک، افراد کی نقل و حرکت پر سخت پابندی رہے گی۔

(ii) تمام زونوں میں، 65 سال سے زیادہ عمر کے اور ایک سے زیادہ بیماریوں میں مبتلا افراد، حاملہ خواتین، اور دس سال سے کم عمر کے بچے گھروں پر رہیں گے، سوائے قومی ہدایات کے مطابق، صحت کے تعلق سے لازمی ضروریات پوری کرنے کے لیے۔

3۔ صراحت کردہ پابندیوں کے ساتھ مندرجہ ذیل سرگرمیوں کی اجازت ہے۔ مندرجہ ذیل اجازت یافتہ سرگرمیوں کے لیے **کسی اتھارٹی سے اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہے:**

(i) اجازت یافتہ سرگرمیوں کے لیے **افراد اور گاڑیوں کی نقل و حرکت کی اجازت ہے**۔ چار پہیے والی گاڑیوں میں ڈرائیور کے علاوہ زیادہ سے زیادہ دو سواریاں ہوں گی۔ دوپہیہ گاڑیوں میں کسی کو پیچھے بٹھانے کی اجازت نہیں ہے۔

(ii) **پرائیویٹ دفاتر:**

تمام پرائیویٹ دفاتر، **خواہ وہ کہیں بھی واقع ہوں** (سوائے شاپنگ مالس کے)، زیادہ سے زیادہ 33% اسٹاف کے ساتھ چل سکتے ہیں، باقی افراد گھر سے کام کریں گے۔

پرنسپل سیکرٹری (ریوینیو)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی

(iii) **دکانیں اور بازار:**

a) تمام مالس، مارکیٹ کمپلکس اور بازار بند رہیں گے۔ تاہم، بازاروں اور مارکیٹ کمپلکسوں میں کتابوں اور اسٹیشنری کے سامان کی دکانیں، پنکھوں کی دکانیں کھولنے کی اجازت ہے۔

b) تمام اسٹینڈ اَلون (سنگل) دکانوں، پڑوس (کالونی) کی دکانوں اور رہائشی کمپلکسوں میں دکانوں کو لازمی اور غیر لازمی کی تفریق کے بغیر کھلا رہنے کی اجازت ہے۔

c) ہر حالت میں سماجی فاصلے (دو گز کی دوری) کو بر قرار رکھا جائے گا۔

(iv) **صنعتی سر گرمیاں:**

a) تمام ایکسپورٹ اور ینٹڈ یونٹ

b) انڈسٹریل ایسٹیٹ

c) ادویات، طبی آلات، ان کے خام مال سمیت لازمی سامان بنانے والی اکائیاں اور ان کے درمیان رابطہ رکھنے والے۔

d) پیداواری اکائیاں جن میں مسلسل عمل کی ضرورت ہوتی ہے، اور ان کی سپلائی کا سلسلہ۔

e) آئی ٹی کا ہارڈویئر بنانے اور جوٹ کی صنعت شفٹوں میں فاصلہ رکھ کر۔

f) پیکیجنگ کا سامان بنانے والے یونٹ۔

(v) **تعمیراتی سر گرمیاں:**

a) صرف بر جا تعمیر (in-situ construction) (جہاں مزدور تعمیر کے موقع پر موجود ہوں اور کسی مزدور کو باہر سے لانے کی ضرورت نہ ہو) کی اجازت ہے۔

b) قابل تجدید توانائی کے پروجیکٹوں کی تعمیر کی اجازت ہے۔

(vi) **ای۔کامرس کی سر گرمیاں:**

صرف لازمی اشیاء کے تعلق سے ای۔کامرس سر گرمیوں کی اجازت ہے۔

(vii) **سامان کی نقل و حمل**

سامان رکار گو کی (بشمول خالی ٹرک)، خواہ لازمی یا غیر لازمی، کسی بھی ذریعے سے نقل و حمل کی اجازت ہے۔

(viii) **دیگر تمام سر گرمیاں جن کی وزارت داخلہ، بھارت سرکار کی صراحت کردہ، یکم مئی، 2020 کی نئی رہنما ہدایات کے تحت خصوصی ممانعت نہیں ہے ر مختلف زونوں میں پابندیوں کے ساتھ اجازت ہے، اجازت یافتہ سر گرمیاں ہوں گی۔**

(ix) **تحدیدی مقامات (ContainmentZones) میں ان رہنما ہدایات کے تحت اجازت یافتہ کسی بھی سر گرمی کی اجازت نہیں ہے۔**

پرنسپل سیکرٹری (ریوینیو)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی